Music By Ravi.

گوئل پکچرز کا

एक साल

۱۹۹

...سال

...کہانی

اور

...نے

اداکاران

...شوک کمار - مدھوبالا

...ندیپ کور - مینو ممتاز

جانی واکر

قیمت ۱ر

...ن اینڈ کو پبلیشرز دریبہ کلاں دہلی

الامان پرنٹنگ پریس دہلی۔

سٹوری

نریش ایک پڑھا لکھا خوبصورت نوجوان تھا۔ مگر اُس کا پیشہ دوسروں کو دھوکہ دینا اور اپنا اُلو سیدھا کرنا تھا۔ کرنل سنہا جو کہ پنشن یافتہ فوجی افسر تھے اُنہیں اپنی جائیداد کو سنبھالنے کیلئے ایک مینیجر کی ضرورت تھی۔ نریش نے یہ نوکری حاصل کر کے اپنے منصوبہ کی اطلاع اپنی مددگار ایک لڑکی کو لکھ بھیجی

آگے پردہ پر دیکھیں

ایک سال کے گانے

گانا نمبر ۱

تو جیئے ہزاروں سال گوری - گوری جیئے ہزاروں سال
یہ شبھ دن آئے بار بار لے کے خوشیاں
تیرے بابا کو آج بدھائی
کتنی خوشی ہے دل میں پوچھو اُسی سے جب کے
تیرے لئے بیٹھے کیا کیا آس لگا کے — تیرے بابا کو
تجھ کو جو ہنستا دیکھے کھل جائے دُنیا اُس کی
تیرا سکھ مانگے وہ تو سب کچھ لُٹا کے — تیرے بابا کو....
سُکھ میں بیتیں سارا تیرے جیون کی گھڑیاں — تو جیئے ہزاروں....
تیرے انگنا میں باجے شہنائی
بن کے دُلہنیا تو ساجن کے دوار جائے
پیار بھری کلیوں سے ڈولیا سجائے
گھونگھٹ ہٹا کے سیاں پکڑے، جو گوری بہیاں
جُھک جُھک جائیں نیناں حیا شرمائے

تیرے انگنا میں باجے شہنائی
کھیلے تیری گودی میں چندا سا للنا — تو جیئے ہزار دن...

گانا نمبر ۲

کسی نے آج محبت کو آزمایا ہے
وفا کو آج نبھانے کا وقت آیا ہے
پکار سن کے چلے آؤ دو گھڑی کیلئے
بڑی تمنا سے ہم نے تمہیں بلایا ہے
چلے بھی آؤ۔ تمہیں قسم ہے چلے بھی آؤ
ہمی سے کہتے ہیں بات دل کی — کہ جسکو سمجھیں سمجھا اپنا اپنا
ستانا دنیا کا ہے کام یہ میرا
نہ توڑ دینا یہ پیار اپنا — چلے بھی آؤ...
نہ آئے تم تو کہیگی دنیا — یہ ناز جھوٹا یہ پیار جھوٹا
یہ دل کی دھڑکن ہے ایک دھوکا
نگاہوں کا انتظار جھوٹا — چلے بھی آؤ...

گانا نمبر ۳

چھم چھم چلی پیا کی گلی — میں سپنے نئے سجا کے
چھم چھم چلی... میں سپنے...
کیسا جادو کر گئے بالم ان نینن میں آکے — چھم چھم چلی...
دھیرے سے بول کے بنا کسی مول کے
لے گیا دل کوئی انکھیوں میں تول کے
کھوئی کھوئی دلوں میں نوے سدھ بسرا کے — چھم چھم...
رت ہے بہار کی سولہ سنگار کی

کانوں میں میرے شہنائی باجے پیار کی
دُنیا سے رکھوں کیسے پریت چُھپا کے ــــــ چھم چھم چلی...
گانا نمبر ۴

ارے سنو رے سنو رے سُنو سُنو سُنو رے
ارے کوئی مت سُنو بھائی ـ یہ ذرا گھر کا معاملہ ہے
میاں بڑا بلے ایمان میری نِکلی رے قسمت کھوٹی
کہ ہائے میں تو مر گئی رے سڑ گئی رے یہ کس کے پلے پڑی رے
بیوی میری بڑی مہربان، مجھے مِلے نہ گھر میں روٹی
یہ روز کرے کھٹ پٹ رے، کیسے برے بٹ رے
میرے پیچھے پیچھے دوڑے رے دیکھو لئے لٹھ رے
میری باپ کی کھائے تو کمائی رے بلم
بیٹھا گھر میں زین کے جمائی رے بلم
تو نے ایسی کری صفائی رے بلم ـ نہ لوٹا رہا نہ تھالی
ادھیری گھر والی ـ شوہر ہوں تیرا نوکر تو نہیں
جانی واکر ہوں جوکر تو نہیں
تو بیوی میری افسر تو نہیں ـ ذرا سوچ کے دینا گالی
کوئی اسے سمجھاؤ رے لوگو عقل ہے اسکی موٹی ـ یہ روز کرے کھٹ
میں آگئی تجھ سے تنگ رے ـ تو روز کرے یہ جنگ رے
اب رہوں نہ تیرے سنگ رے ـ تو تو ہے بڑا نکھٹو
ادھوں ہوں بگڑتی کیوں ہو ـ مانا کہ ہم ہیں نکھٹو ـ پھر بھی تم پر ہیں لٹو
کل تک تھے کنوارے اچھے تھے ـ اننو بھالڑے کے ٹٹو
چاہے لگا دے پھانسی، تجھ کو ڈال گلے میں چوٹی

ہائے ہائے مَیں تیر گئی رے ـ میاں میرا اِترا...
نہیں اب اسکی قیمت کھوٹی ـ کہ اب نہیں کھٹ پٹ رے
جاؤ بھائی ـ جاؤ بھائی چٹ پٹ رے
گانا نمبر ۵
دِل تو کِسی کو دوگے، کِسی کے آخر ہوگے
ایک نظر اِدھر بھی ڈالو ہم کیا بُرے ہیں
ہم بھی حسین ہیں ہم بھی جوان ہیں
یُوں تو تم جیسے لاکھوں ہم پہ مہربان ہیں
لیکن یہ دِل متوالا ہم سے نہ جائے سنبھالا
کیا یہ جادو ڈالا تم پہ قربان ہیں ـ دِل تو کسیکو...
سیٹھوں میں چور پکڑوں ارے بھیجوں سیدھا تھانے
سنتوں میں پاپی پکڑوں دُنیا مانے نہ مانے
ویسے تو نام میرا جے بی پٹو بی ڈی ایف
ویسے تو نام میرا سارا زمانہ جانے
لیکن تجھ سے او میری ہم بیٹھے ہیں ہار مانے ـ دِل تو...
پیچھا نہ چھوڑوں تیرا، چاہے سر پھوٹے میرا
اِک دِن تو در پہ تیرے آؤں گا باندھ سہرا
سب کو جلاؤں گا میں ارے تجھ کو بیاہوں گا میں
تیرے گلے میں اپنی باہوں کا ڈال گھیرا
ارے میاں بیوی راضی تو کیا کریگا قاضی بھائی
میاں بیوی راضی تو کیا کرے گا قاضی
کہہ دونگا او رے میری بولا جو باپ تیرا

دل تو کسی کو دو گے ۔ کسی کے آخر ہو گے
ایک نظر تو اِدھر بھی ڈالو ۔ ہم کیا بُرے ہیں

گانا نمبر ۶

چلے بھی آؤ ۔ تمہیں قسم ہے چلے بھی آؤ
اُسی سے کہتے ہیں بات دِل کی، کہ جسکو سمجھیں کچھ اپنا اپنا
مِٹا نہ دینا بھرم یہ میرا ۔ تو ڑ نہ دینا یہ پیار اپنا ۔ چلے بھی...

گانا نمبر ۷

کرتے رہے خزاں سے ہم سودا بہار کا
بدلہ دیا تو کیا یہ دیا اُن کو پیار کا
سب کچھ لٹا کے ہوش میں آئے تو کیا کیا
دِن میں اگر چراغ جلائے تو کیا کیا
ہم بدنصیب پیار کی رسوائی بن گئے
خود ہی لگا کے آگ تماشائی بن گئے
دامن سے اب یہ شعلے بجھائے تو کیا کیا ۔ سب کچھ لٹا...
لے لے کے ہار پھولوں کے آئی تو تھی بہار
نظریں اُٹھا کے ہم نے ہی دیکھا نہ ایک بار
آنکھوں سے اب یہ پردے ہٹائے تو کیا کیا ۔ سب کچھ...

گانا نمبر ۸

اُلجھ گئے دو نیناں دیکھو اُلجھ گئے دو نیناں
پر تم اُلجھی لٹ سلجھائے ۔ گوری کا چندا سا مکھ شرمائے
پریت کی ڈوری بھی بندھ کر دو نوں من ہی من مسکائیں
اُلجھ گئے دو نیناں...

جبتک گھر نہ آئے سنوریا
تڑپے ہے گوری جیسے جل بِن مچھریا
باٹ تکت اپنے ساجن کی راہ میں نین بچھائے
دیکھو اُلجھ گئے دو نیناں
رات روپہلی تاروں کی چھتیاں
پیا سے کے ہاتھوں میں گوری گوری بہیاں
لاج بھرے نینوں سے من کی بات کہی نہ جائے — دیکھو اُلجھ۔۔

گانا نمبر ۹

غافل تجھے گھڑیال یہ دیتا ہے مُنادی
گردوں نے گھڑی عمر کی اک اور گھٹا دی
کس کے لئے رُکا ہے کس کیلئے رُکے گا
کرنا ہے جو بھی کرلے یہ وقت جا رہا ہے
پانی کا بلبلہ ہے انساں کی زندگانی
دم بھر کا یہ فسانہ، پل بھر کی یہ کہانی
ہر سانس سنا کے اپنے پیغام اللہ کا ہے
کرنا ہے جو بھی کرلے یہ وقت جا رہا ہے
دُنیا بُرا کہے تو الزام یہ اُٹھالے
خود مٹ کے بھی کسی کی تو زندگی بچالے
دل کا چراغ تجھ کو رستہ دکھا رہا ہے — کرنا ہے۔۔
کانٹے جو تُو نے بوئے تو پھول کیسے پائے
تیرے گناہ آخر ہیں آج رنگ لائے
اب سوچ میں کیوں لگے گھڑیاں گنوا رہا ہے — کرنا ہے۔۔۔

گانا نمبر ۵

نہ پوچھو پیار کی ہم نے جو حقیقت دیکھی
وفا کے نام پہ بکتے ہوئے الفت دیکھی
کسی نے لوٹ لیا اور ہمیں خبر نہ ہوئی
کھلی جو آنکھ تو برباد محبت دیکھی ــــ سب کچھ لٹا کے...

میں وہ کلی ہوں جو نہ بہاروں میں کھل سکی
وہ دل ہوں جس کی پیار کی منزل نہ مل سکی
پھر یہ ہم نے پھول چڑھائے تو کیا کیا ــ سب کچھ...

جو مل نہ سکا پیار ہم کی شام تو ملے
اکیلے وفا سے پیار کا انجام تو ملے
اے موت جلد آ ذرا آرام تو ملے
دو دن خوشی کے دیکھ نہ پائے تو کیا کیا

ختم شد